www.mashriqakhbar.com Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد: 12 ہفتہ 27 صفر المظفر 1444ھ 24 ستمبر 2022ء 10 اسوج 2079ب صفحات: 10 قیمت 20 روپے شمارہ: 193

# افسران، سٹاف عوامی خدمت کو مشن بنائیں: اعجاز احمد قریشی

## وفاقی محتسب کا دورہ لاہور، ریجنل افسران سے ملاقاتیں، کارکردگی کا جائزہ

## فیصلوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کیلئے ہفتہ وار اور ماہانہ میٹنگز کی جاتی ہیں: ممبر انچارج



لاہور (اپنے رپورٹر سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے لاہور کا دورہ کیا جس میں انہوں نے ریجنل آفس لاہور کے اعلیٰ افسران سے ملاقات کی۔ ممبر انچارج نے وفاقی محتسب کو بتایا کے لاہور آفس کی کاردگی کو مزید بہتر بنانے اور فیصلوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے ہفتہ وار اور ماہانہ میٹنگز کی جاتی ہیں۔ وفاقی محتسب نے لاہور آفس کی کاردگی کو سراہا اور بتایا کہ "Street""Children پر تیار کی گئی وفاقی محتسب کی رپورٹ کو اعلیٰ سطح پر بہت سراہا گیا ہے۔ وفاقی محتسب نے مزید بتایا کہ "I.R.D System" کو بھی عوام میں بہت پذیرائی ملی ہے۔ آخر میں وفاقی محتسب نے ہدایت کی کے افسران اور سٹاف عوام کی خدمت اور دادرسی کو اپنا مشن بنائیں۔ بعدازاں وفاقی محتسب نے صوبائی محتسب میجر ریٹائرڈ محمد اعظم سلیمان سے ملاقات کی اور باہمی امور کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔